سوال

(476)خواب میں کسی مردہ انسان کو دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خواب میں ہمیشہ کسی مردہ انسان کو دیکھنے کی کیا تعبیر ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر مردہ کو خواب میں دیکھنے کی کوئی اچھی صورت ہو تو اس کےلیے بہتری وبھلائی کی امید ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو یہ شیطانی کاروائی ہو سکتی ہے کیونکہ شیطان کبھی بھی اپنے آپ کو اس طرح کسی مردہ انسان کی ناپسندیدہ صورت میں بھی پش کرتا ہے 'جس سے زندہ انسان کو حزن وملال ہو کیونکہ شیطان کی ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ ایسے کام کرے 'جن سے مومنو ں کو غم وفکر اور حزن وملال لاحق ہو جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :

إِنَّمَا النَّجوىٰ مِنَ الشَّيطـٰنِ لِيَحزُنَ الَّذينَ ءامَنوا وَلَيسَ بِضارِّهِم شَيـًٔا إِلّا بِإِذنِ اللَّهِ ... ١٠ ... سورة المجادلة

''(کافروں کی) سرگوشیاں تو شیطان (کی حرکات) سے ہیں '(جو) اس لیے (کی جاتی ہیں) کہ مومن (ان سے) غم ناک ہوں جب کہ وہ (شیطان) اذن الٰہی کے بغیر انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔''

لہذا انسان اگر کسی مردہ کے حوالہ سے خواب میں کوئی ناپسندیدہ بات دیکھے 'تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے شیطان اور اس برے خواب کے شر سے پناہ مانگے اور اس میت کے بارے میں جو خواب دیکھا ہو وہ کسی سے بیان نہ کرے 'اس سے میت کو کوئی نقصان نہیں ہو گا۔ اسی طرح جب بھی انسان خواب میں کسی ناپسندیدہ بات کو دیکھے تو اسے چاہیے کہ شیطان اور اس برے خواب کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے 'اپنے بائیں طرف تین بار تھوک لے اور جس کروٹ پر پہلے لیٹا ہوا تھا 'اسے بدل لے اور اگر وہ وضو کر کے نماز بھی پڑھ لے تو یہ بہت پاکیزہ اور افضل بات ہے 'اور جو اس نے برا خواب دیکھا ہو 'اس کے بارے میں کسی سے بات نہ کرے اس سے یہ خواب اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

محدث فتویٰ